# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## جامعہ پریم چند آرکائیوز اینڈ لٹریری سینٹر، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے زیر اہتمام پہلے گوپی چند نارنگ یادگاری خطبے کا انعقاد

New Delhi, March 2, 2026

جامعہ پریم چند آرکائیوز اینڈ لٹریری سینٹر، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے زیر اہتمام مورخہ چھبیس فروری دو ہزار چھبیس کو پہلا گوپی چند نارنگ یادگاری خطبہ منعقد کیا گیا۔ پروفیسر کوثر مظہری، صدر، شعبہ اردو، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے یادگاری خطبہ دیا اور پروگرام کی صدارت پروفیسر خالد محمود، سابق، صدر شعبہ اردو، جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی نے فرمائی۔

اس موقع پر پروفیسر شہزاد انجم، ڈائریکٹر آرکائیوز نے پروگرام کا افتتاح کرتے ہوئے عزت مآب پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی جانب سے آرکائیوز کی سرگرمیوں کی سرپرستی کے سلسلے میں حاصل مستقل تعاون اور ان کی مشفقانہ سرپرستی کے لیے ان کا شکریہ ادا کیا۔ اہم بات ہے کہ اس نوع کی سرگرمیوں کے انعقاد میں ان کی مخلصانہ سرپرستی سے اسکالروں، طلبہ اور فیکلٹی اراکین میں بحث و مباحثہ کے معیار و وقار میں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے ممتاز قلم کار، اسکالر، ناقد اور شاعر پروفیسر کوثر مظہری، صدر، شعبہ اردو، جامعہ ملیہ اسلامیہ کا 'متن اور قرآت کا باہمی رشتہ' کے عنوان پر خطبہ پیش کرنے کی دعوت قبول کرنے کے لیے شکریہ ادا کیا۔ قابل ذکر ہے کہ اردو نظم اور ادبی تنقید کے باب میں پروفیسر مظہری کی خدمات انتہائی وقیع ہیں۔ انہوں نے دانشورانہ ایمان داری، تنقیدی گہرائی و گیرائی اور سادگی و پرکار لہجے کے ساتھ ساتھ موضوع پر حاکمانہ قدرت سے سامعین کا دل جیت لیا۔

پروگرام کی صدارت پروفیسر خالد محمود، سابق صدر، شعبہ اردو، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے فرمائی جنھوں نے شعبہ اردو، جامعہ ملیہ اسلامیہ میں گوپی چند نارنگ کے رفیق کار کی حیثیت سے اپنی خدمات بھی انجام دی تھیں۔ انہوں نے پروفیسر گوپی چند نارنگ کے ساتھ اپنے گہرے تعلقات اور طویل تجربات بھی سامعین سے ساجھا کیے۔ انہوں نے بتایا کہ پروفیسر گوپی چند نارنگ نے شعبہ اردو میں علمی فضا کو مضبوط و مستحکم بنانے میں اہم رول ادا کیا اور کہا کہ انہوں نے جامعہ ملیہ اسلامیہ میں علمی فضیلت کے دانشورانہ افق کو وسعت بخشی اور اسکالروں کی متعدد نسلوں کو تقابلی اور تنقیدی انداز میں غور و فکر پر بھی ابھارا۔

پروفیسر اقتدار محمد خان، ڈین، فیکلٹی آف ہیومنی ٹیز اینڈ لینگویجز، جامعہ ملیہ اسلامیہ بھی یادگاری خطبہ میں شریک ہوئے۔ انہوں نے آرکائیوز میں گوپی چند نارنگ یادگاری خطبہ کے انعقاد کے سلسلے میں نیک خواہشات کا اظہار کیا اور کہا کہ ہمارے

سرپرستوں اور خیرخواہوں کی خدمات اوران کے علمی وادبی تعاونات فراموش نہیں کیے جانے چاہئیں۔

ڈاکٹر سید محمد عامر، آرکائیوسٹ، جے پی اے ایل سی، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پروگرام کی نظامت کے فرائض کی انجام دہی کے ساتھ ساتھ پروفیسر گوپی چند نارنگ، مہمان خصوصی، صدر اجلاس اور خطیب کا تعارف بھی پیش کیا۔ محترمہ شردھا شنکر، اسسٹنٹ آرکائیوسٹ، جے پی اے ایل سی، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے سامعین کا شکریہ ادا کیا۔

پریم چند آرکائیوز اینڈ لٹریری سینٹر، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے مین ہال میں منعقدہ پروگرام میں طلبہ، ریسرچ اسکالر اور اساتذہ بڑی تعداد میں شریک ہوئے۔

پروفیسر صائمہ سعید
افسر اعلی، تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ